سوال

(25)گم شدہ اشیا کا مسجد میں اعلان

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسجد ہے۔اس میں شہر اور مضافات کی گم شدہ کا اعلان کر کے آٹھ آنے وصول کئے جاتے ہیں جو مسجد میں خرچ ہوتے ہیں اس اعلان میں جانوروں،گدوں،مرغیوں،کبوتروں،زیورات چارپات تک کا نام لیا جاتا ہے۔ایک گروہ کا خیال ہے کہ ایسے اعلان جائز نہیں۔اس مسئلہ کا فیصلہ قرآن وحدیث کی روشنی میں صادر فرمائیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں مسجد کے اندر انشاد ضالہ (گم شدہ شے کا اعلان) منع آیا ہے۔اس بنا پر مسجد میں یہ اعلان جائز نہیں۔مسجد سے باہر اجازت ہے غیر جاندار کا اعلان مسجد میں منع نہیں لیکن بطورِاجرت جائز نہیں کیونکہ یہ بیع کی قسم ہے اور بیع مسجد میں منع ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، مساجد کا بیان، ج2ص28

محدث فتویٰ